بسم اللہ الرحمن الرحیم

چار رکعت والی نماز میں قعدہ اخیرہ کے بعد سہواً پانچویں رکعت میں کھڑا ہونے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس بارے میں کہ اگر کوئی شخص چار رکعت والی نماز میں قعدہ اخیرہ مکمل کرنے کے بعد سلام پھیرنے کی بجائے بھولے سے پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے اور پانچویں کا سجدہ کرنے کے بعد یاد آئے، تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا سجدہ سہو کر کے سلام پھیر سکتا ہے؟ یا پانچویں رکعت کے بعد چھٹی رکعت ملانا بھی لازم ہے؟ اگر لازم ہے، تو چھٹی رکعت نہ ملانے کی وجہ سے اس نماز کو دوبارہ پڑھنا ضروری ہے؟

جواب

چار رکعت والی نماز میں قعدہ اخیرہ مکمل کرنے کے بعد اگر کوئی پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے، تو اس کے لئے حکم یہ ہے کہ اگر سجدہ کرنے سے پہلے یاد آ جائے، تو واپس لوٹ کر تشہد کا اعادہ کئے بغیر سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کر لے اور اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد یاد آئے، تو ایسے شخص کو چاہیے کہ مزید ایک اور رکعت ملا کر آخر میں سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کر لے، اس طرح پہلی چار رکعتیں فرض اور باقی دو نفل شمار ہونگی۔ البتہ اگر کوئی شخص چھٹی رکعت نہ ملائے، بلکہ پانچویں رکعت مکمل کرنے کے بعد سجدہ سہو کر کے سلام پھیر دے، تو بھی اس کی نماز درست ہے، نماز دوبارہ پڑھنا لازم نہیں، کیونکہ چھٹی رکعت ملانا واجب نہیں، بلکہ مستحب ہے اور ترکِ مستحب کی وجہ سے نماز کو لوٹا نا لازم و ضروری نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ ایسی نماز کو دوبارہ پڑھ لیا جائے لیکن اگر کوئی نہ پڑھے، تو گنہگار نہیں ہوگا۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ مارچ 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net